

دہشت گردی

اور

فتنۂ خوارج

شیخ الاسلام ڈاکٹر محمد طاہر القادری

کا

مبسوط

تاریخی فتویٰ

منہاج القرآن پبلیکیشنز

دہشت گردی

اور

فتنۂ خوارج

شیخ الاسلام ڈاکٹر محمد طاہر القادری

کا

مبسوط

تاریخی فتویٰ

دہشت گردی اور فتنۂ خوارِج

شیخ الاسلام ڈاکٹر محمد طاہر القادری کا مبسوط تاریخی فتویٰ

اِہتمامِ اِشاعت	:	فریدِ ملّتؒ رِیسرچ اِنسٹی ٹیوٹ	Research.com.pk
مطبع	:	منہاجُ القرآن پرنٹرز، لاہور	
اِشاعتِ اَوّل	:	جنوری 2010ء	(5,000)
اِشاعتِ دُوُم	:	مارچ 2010ء	(3,000)
اِشاعتِ سوم	:	اپریل 2010ء	(3,000)
اِشاعتِ چہارُم	:	مئی 2010ء	(3,000)
اِشاعتِ پنجم	:	جون 2010ء	(5,000)
اِشاعتِ ششم	:	اگست 2010ء	(5,000)

ISBN 978-969-32-0846-7

مِنہاجُ القرآن پبلیکیشنز

365- ایم، ماڈل ٹاؤن لاہور، فون: 35168514، 140-140-111 (92-42+)

یوسف مارکیٹ، غزنی سٹریٹ، اُردو بازار، لاہور، فون: 37237695 (92-42+)

اس متفق علیہ حدیث مبارکہ میں حضور نبی اکرم ﷺ نے صراحتاً یہ فیصلہ صادر فرما دیا کہ جو لوگ آپس میں خون خرابہ کریں گے، فتنہ و فساد اور دہشت گردی کی وجہ سے ایک دوسرے پر اسلحہ اٹھائیں گے اور مسلمانوں کا خون بہائیں گے وہ مسلمان نہیں بلکہ کفر کے مرتکب ہیں۔ **لہٰذا انتہا پسندوں اور دہشت گردوں کے جبر و تشدد کو حضور ﷺ نے فَلَا تَرْجِعُوْا بَعْدِي كُفَّارًا فرما کر کفر قرار دے دیا۔**

حضرت ابو سعید خدری اور حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے مومن کے قاتل کی سزا جہنم بیان کرتے ہوئے ارشاد فرمایا:

لَوْ أَنَّ أَهْلَ السَّمَاءِ وَأَهْلَ الْأَرْضِ اشْتَرَكُوْا فِي دَمِ مُؤْمِنٍ لَأَكَبَّهُمُ اللهُ فِي النَّارِ. (۱)

’’اگر تمام آسمانوں و زمین والے کسی ایک مومن کے قتل میں شریک ہو جائیں تب بھی یقیناً اللہ تعالیٰ ان سب کو جہنم میں جھونک دے گا۔‘‘

۵۔ خون خرابہ تمام جرائم سے بڑا جرم ہے

قتل و غارت گری، خون خرابہ، فتنہ و فساد اور ناحق خون بہانا اِتنا بڑا جرم ہے کہ قیامت کے دن اللہ سبحانہ وتعالیٰ ایسے مجرموں کو سب سے پہلے بے نقاب کر کے کیفرِ کردار تک پہنچائے گا۔

۱۔ حضرت عبد اللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے خونریزی کی شدت بیان کرتے ہوئے ارشاد فرمایا:

---

(۱) ۱۔ ترمذي، السنن، کتاب الديات، باب الحکم في الدماء، ۴: ۱۷، رقم: ۱۳۹۸

۲۔ ربيع، المسند، ۱: ۲۹۲، رقم: ۷۵۷

۳۔ ديلمي، مسند الفردوس، ۳: ۳۶۱، رقم: ۵۰۸۹